رائے عامہ سروے

# معاشرتی رویے

# کھانے کے عادات

## تقریباً ہر 10 میں سے 3(27%) پاکستانی صبح سات سے آٹھ بجے کے درمیان ناشتہ کرتے ہیں، دیہی علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان میں جلدی ناشتہ کرنے کی شرح تھوڑی زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**


( اسلام آباد) ،31دسمبر ، 2021

گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق ، تقریباً ہر 10 میں سے3 (27%)پاکستانی صبح سات سے آٹھ بجے کے درمیان ناشتہ کرتے ہیں، دیہی علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان میں جلدی ناشتہ کرنے کی شرح تھوڑی زیادہ پائی گئی ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ عام طور پر ناشتہ کتنے بجے کرتے ہیں ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں22% جوابدہندگان کے مطابق وہ عام طور پر صبح سات بجے سے پہلے ناشتہ کرتے ہیں،27%جوابدہندگان کے مطابق وہ عام طور پر صبح سات سے آٹھ بجے کے درمیان ناشتہ کرتے ہیں، 17%جوابدہندگان کے مطابق وہ عام طور پر صبح آٹھ سے نو بجے کے درمیان ناشتہ کرتے ہیں، 13% جوابدہندگان کے مطابق وہ عام طور پر صبح نو سے دس بجے کے درمیان ناشتہ کرتے ہیں، 3% جوابدہندگان کے مطابق وہ عام طور پر صبح دس بجے کے بعد ناشتہ کرتے ہیں، جبکہ 16% جوابدہندگان کے مطابق اُن کا ناشتہ کرنے کا کوئی مخصوص وقت نہیں ہے،تاہم 2% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ عام طورپر ناشتہ کتنے بجے کرتے ہیں ؟"**


**پاکستان بھر سے**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## دیہی اور شہری علاقوں کے نتائج:

شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان (24%)کی نسبت دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان (29%)میں صبح سات سے آٹھ بجے کے درمیان ناشتہ کرنے کی شرح زیادہ پائی گئی ۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے1730مرد و خواتین سے 23 ستمبر 2021 تا 8 اکتوبر 2021میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر95%اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, December 31, 2021**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2021

celebrating 41 years of Gallup Pakistan (1980-2021)